© rasailojaraid.com

**۱۹۸۵ء کا اقبالیاتی ادب** | از ڈاکٹر رفیع الدین ہاشمی ۔ ناشر: پروفیسر محمد منور صاحب ڈائریکٹر اقبال اکیڈمی پاکستان ۔ بڑے سائز کے ۷۵ صفحات ۔ قیمت: ۱۸/- روپے

عزیز دوست ڈاکٹر رفیع الدین ہاشمی کئی سال کی مسلسل کاوشوں کے بعد آج اقبالیات کے ماہر کی حیثیت سے صفِ اول کے اصحابِ تحقیق میں سے ہیں ۔ وقتاً فوقتاً وہ اقبال کے متعلق نئے نئے عنوانات پر نتائجِ کاوش اہلِ ذوق کے سامنے لاتے رہتے ہیں ۔ ان کی یہ تازہ کوشش بڑی قابلِ قدر ہے کہ انہوں نے پوری طرح جائزہ لیا کہ ۱۹۸۵ء میں علامہ اقبالؒ کی شخصیت و سوانح اور فن و فکر کے متعلق جو کچھ شائع ہوا ہے اس کا تذکرہ بھی ہو جائے اور خاص خاص خطوط اور مضامین اور دریافت شدہ مسودات کی بھی جھلک دکھا دی جائے ۔ خاص طور پر علامہ اقبالؒ کے متعلق سوانحی اور تشریحاتی کتابیں نیز اقبال ہی کے متعلق جامعات کے امتحانی مقالے، مجلات و اخبارات کی خصوصی اشاعتیں اور کتابیاتِ اقبالؒ (۱۹۸۵ء) کا اشاریہ جیسی چیزوں کا ذریعہ حوالہ ہونے کی وجہ سے یہ مختصر جائزہ بڑی دستاویزی حیثیت اختیار کر گیا ہے ۔

---

**چند تصویریں** | از جناب خرم جاہ مراد ، سابق ڈائریکٹر اسلامک فاؤنڈیشن لائسٹر انگلینڈ ۔
ناشر: ادارہ مطبوعاتِ طلبہ، ۱۔ اے ذیلدار پارک ، اچھرہ ، لاہور ۔ خوبصورت سرورق ، کاغذ طباعت عمدہ ، قیمت ۶/- روپے ۔ برائے تقسیم ۴ سو روپیہ سینکڑہ

احیائے اسلام کے لیے شگفتہ انداز میں نئے نئے عنوانات پر اور قارئین کے مختلف حلقوں کے لیے لکھنے والے حضرات بہت زیادہ نہیں ہیں ۔ اور اس صف میں خرم جاہ مراد کا خاص مقام ہے ۔ تعمیر اور میکانیات کا یہ انجینئر ، انسانوں کے عقیدوں اور احساسات اور کردار کی تعمیر کے فن میں بھی دنیائے دل و نگاہ کا کامیاب انجینئر ثابت ہوا ۔

" چند تصویریں " ۔ سیرت کے البم میں سے لی گئی ہیں ۔ سیرتِ پاک کے واقعات ، ان سے متعلق بعض آیات اور کہیں کہیں حضورؐ کے درخشاں ارشادات ۔

الفاظ ، عبارات ، عنوانات ، ترتیب دل نشیں !

© rasailojaraid.com